Maulana Azad National Urdu University
B.A III Semester Examination - January- 2021
BAUR301CCT: Nasri Asnaf
نثری اصناف

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) اُردو کی پہلی داستان کا نام بتایئے۔

(a) سب رس (b) باغ و بہار (c) فسانۂ عجائب (d) رانی کیتکی کی کہانی

(ii) بیدی کے افسانے کی نشاندہی کیجیے۔

(a) نیا قانون (b) گرم کوٹ (c) فوٹوگرافر (d) شعلہ پوش

(iii) نرملا کے شوہر کا نام کیا ہے؟

(a) جیارام (b) سیارام (c) منسارام (d) طوطارام

(iv) ’’فسانۂ عجائب‘‘ کس شہر کی تہذیبی زندگی کا مرقع ہے؟

(a) حیدرآباد (b) دہلی (c) رام پور (d) لکھنؤ

(v) گئودان کے مصنف کا نام بتایئے۔

(a) پریم چند (b) مرزا ہادی رُسوا (c) ڈپٹی نذیر احمد (d) رتن ناتھ سرشار

(vi) ذیل کے کس افسانہ نگار کے افسانوں میں کشمیر کی منظر نگاری زیادہ ملتی ہے؟

(a) سریندر پرکاش (b) بلراج مین را (c) کرشن چندر (d) اپندر ناتھ اشک

(vii) میرامن نے باغ و بہار کہاں لکھی؟

(a) دلی کالج (b) سینٹ جارج کالج (c) فورٹ ولیم کالج (d) عثمانیہ یونیورسٹی

P.T.O

(viii) سعادت حسن منٹو کا انتقال کہاں ہوا؟

(a) ہندوستان (b) ازبیکستان (c) پاکستان (d) ترکستان

(ix) ڈپٹی نذیر احمد کے ناول کی نشاندہی کیجیے۔

(a) امراؤ جان ادا (b) فسانۂ آزاد (c) فردوس بریں (d) مراۃ العروس

(x) پریم چند کا اصلی نام کیا تھا؟

(a) رگھوپتی سہائے (b) منشی دھنپت رائے (c) دُرگا سہائے (d) نواب رائے

حصہ دوم

2۔ ناول میں کرداروں کی کیا اہمیت ہوتی ہے۔مثالوں سے سمجھائیے۔

3۔ پریم چند کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

4۔ ''جامن کا پیڑ'' پر تبصرہ کیجیے۔

5۔ پریم چند کی ناول نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6۔ منسارام کے کردار کا تجزیہ کیجیے۔

7۔ اُردو داستانوں میں باغ و بہار کے مقام کا تعین کیجیے۔

8۔ افسانے کے فن پر ایک نوٹ قلم بند کیجیے۔

9۔ داستانوں کے زوال کے اسباب بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ داستان کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالیے۔

11۔ ناول ''نرملا'' کی خصوصیات بیان کیجیے۔

12۔ ''سیر پہلے درویش کی'' کا قصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

13۔ داستان اور ناول کے فرق و امتیازات پر روشنی ڈالیے۔

14۔ ''عیدگاہ'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

☆☆☆